

میر تقی میرؔ

پیدائش: ۱۷۲۳ء

وفات: ۱۸۱۰ء

تصانیف: کلیاتِ میر، نکات الشعرا

غزل ۱

اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا لوہو آتا ہے جب نہیں آتا
ہوش جاتا نہیں رہا لیکن جب وہ آتا ہے تب نہیں آتا
صبر تھا ایک مُونسِ ہجراں سو وہ مدّت سے اب نہیں آتا
دل سے رخصت ہوئی کوئی خواہش گریہ کچھ بے سبب نہیں آتا
جِی میں کیا کیا ہے اپنے اے ہم دم!
پر سخن تا بہ لب نہیں آتا

غزل ۲

تجاہل، تَغافل، تُساہل کیا ہوا کام مشکل، توکل کیا
نہیں تاب لاتا دلِ زار اب بہت ہم نے صبر و تحمل کیا
زمین غزل ملک سی ہوگئی یہ قطعہ تصرّف میں بالکل کیا
جنوں تھا نہ مجھ کو نہ چُپ رہ سکا کہ زنجیر ٹوٹی تو میں غُل کیا
نہ سوزِ دروں فصلِ گل میں چھپا سر و سینہ سے داغ نے گل کیا
ہمیں شوق نے صاحبو، کھو دیا غلاموں سے اُس کے توسّل کیا
حقیقت نہ میرؔ اپنی سمجھی گئی
شب و روز ہم نے تامل کیا

(ماخوذ از: کلیاتِ میر)